

<u>SOT Group kay Youtube Channel ka Tajziya</u>

https://www.youtube.com/watch?v=EnNKFRxzUIw




اس ویڈیو کو دیکھنے کے بعد چند سوال ذہن میں ابھر کر آئے ہیں جن کا جواب مرشدینِ کرام اگر عنایت فرمائیں تو رہبری کا باعث ہوگا۔


1. سوال: اس ویڈیو کے مخاطبین کے متعلق ویڈیو بنانے والے صاحب وضاحت کرتے ہیں کہ یہ ویڈیوان مہدوی حضرات کے لیئے ہے جو یا تو اپنے مرشدین سے نالاں ہیں یا پھر قوم کے موجودہ تعلیمی نظام سے ناخوش ہیں!



کیاقرآن نے یہی طرز سکھایاہے اصلاح کے لیئے ؟اسکی مثال توایسی ہے  جیسے کوئی شخص کسی گھر کے افراد میں پھوٹ ڈالنے اور گھر کے امن وامان کوتباہ کرنے کے پختہ ارادہ کے ساتھ ان سے یوں مخاطب ہو کہ جو اپنے باپ سے ناراض ہے وہ گھر چھوڑ کر ہمارے پاس آجائے۔ یاکوئی شخص یوں لوگوں سے مخاطب ہو کہ جوامام سے ناراض ہیں یاامام کی قراءت کوپسند نہیں کرتے ہمارے پاس آیئں ہم دوسری جماعت بناتے ہیں !

اگر قوم کی اصلاح مقصود ہوتی تو قومی نظام کے خلاف متبادل نظام بنانے کے بجائے قومی نظام میں رہکر اس کی اصلاح کی کوشش کی جاتی۔ کیایہ عام مہدویوں کو مرشدینِ کرام کے خلاف بغاوت پرآمادہ کرنا نہیں ہے ؟

2. سوال: اس ویڈیو میں یہ کہا گیا کہ موجودہ مہدوی ارشادی نظام قرآن کی واضح تعلیمات کے خلاف ہے۔ چنانچہ ایک مرشد کے کئی مرید ہونا، یہ قرآن کے احکام کے خلاف ہے کیونکہ قرآن نے ''کونو مع الصادقین'' یعنی صادقین کے ساتھ رہنے کا حکم دیا ہے، جمع کا صیغہ استعمال کیا گیا ہے۔ جس کا مطلب یہ ہوا کہ لوگ آپس میں ایک دوسرے کی رہبری پر فائز ہیں۔ کوئی مرشد ہی رہبری کا کام کرے یہ ضروری نہیں ہے۔ یعنی یہ رابطہ ایک مرشد کئی مریدین کے لیئے (One to Many) نہیں بلکہ مؤمنین میں آپس میں (Many to Many) والا ربط ہے! کیا یہ درست ہے؟ اگر یہ درست ہے تو ہم کیوں غلط ارشادی نظام پر عمل کر رہے ہیں؟ ذکراللہ کی مجلس قائم کرنے کے لیئے ہم مہدوی بزرگانِ دین کی اتباع میں ذکراللہ شروع کرنے سے پہلے اپنا مریدی کا سلسلہ پڑھتے ہیں۔ اب اگر (کئی سے کئی) کی صورت میں سلسلہ کس کا کون کیسے پڑھے؟



3. سوال: اس ویڈیو میں یہ بات بھی کہی گئی ہے کہ مرشد سے اختلاف رکھنا جائز ہے اور مزید یہ کہ ایسے کسی اختلاف کا حل بھی بتا دیا گیا ہے کہ ہر شخص اپنی ذاتی علمی محدودیت کے باوجود قرآن کے معنی کرتے ہوئے اس مسئلہ کو حل کرے۔ یعنی مرشد غلط، مرشد کی قرآن فہمی غلط، مرشد کی شریعت سے متعلق معلومات غلط اور ایک عام بے علم مرید کا قرآن کی ذاتی تفسیر بالرائے صحیح!

کیا یہ درست ہے؟

## Murshid – When to associate with him and When to Disassociate

**As we discussed earlier - It is also natural that among such a group of learners, may emerge a leader who may be ahead of all of them and help the team by sharing with them with his learning / practicing methods.**

**We find many volunteering association groups / university aluminis etc where people having common interest stay in touch and share with each others findings on that subject. - The same goes well with the religious practice.**

### And it is very well captured in Quran too..


يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ أَطِيعُواْ ٱللَّهَ وَأَطِيعُواْ ٱلرَّسُولَ وَأُوْلِي ٱلْأَمْرِ مِنكُمْۖ فَإِن تَنَٰزَعْتُمْ فِي شَيْءٖ فَرُدُّوهُ إِلَى ٱللَّهِ وَٱلرَّسُولِ إِن كُنتُمْ تُؤْمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلْيَوْمِ ٱلْأٓخِرِۚ ذَٰلِكَ خَيْرٞ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ٥٩ 459

SAHIH INTERNATIONAL

O you who have believed, obey Allah and obey the Messenger and those in authority among you. And if you disagree over anything, refer it to Allah and the Messenger, if you should believe in Allah and the Last Day. That is the best [way] and best in result.

**But The Authority of leaders on Masses is not absolute in Islam, as long as there advise / instructions / commands are in line with the command of God listen to them otherwise return to Allah & His Messenger.**

4. اس ویڈیو میں نقلِ مہدی موعودؑ جو دنیاپرست علمائے سوٗ کے بارے میں ہے پیش کر کے اس نقل کو مرشدینِ گروۂ مہدویہ پر چسپاں کیا گیا ہے! کیا ایسا کرنا درست ہے؟ کیا مرشدینِ گروۂ مہدویہ کو عام حکم لگاتے ہوئے سب کو دنیاپرست کہنا جائز ہے؟ اور کیا اس نقل کا سہارا لیکر قومی ارشادی نظام کو باطل اور طاغوتی نظام کہنا جائز ہے؟




5. اس ویڈیو میں یہ آیت پیش کی گئی جہاں اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو حکم دیا کہ ''آپؐ ان لوگوں کی صحبت میں رہیں جو صبح و شام اللہ کو یاد کرتے ہیں''اور یہ نتیجہ اخذ کیا گیا کہ جس طرح لوگ سمجھتے ہیں کہ عام مؤمنین کو کچھ خاص مؤمنین کی صحبت درکار ہے جیسے مرید کو مرشد کی، تو یہ بات غلط ہے۔ معاذ اللہ! اس کی مار میں کون آرہے ہیں ذرا غور کیجیئے کہ نعوذ باللہ رسول اللہ ﷺ کو بھی عام مؤمنین میں اس ویڈیو میں گن دیا گیا ہے۔ ثم نعوذ باللہ۔




**Believers stay together with other believers is the fulfillment of the command of Sohabt e Sadiqeen. Even the Propht PBUH is asked to be in the company of God Seeking Believers.**

6. اس ویڈیو میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ جو موجودہ مہدوی ارشادی نظام میں اہلِ ارشاد کسی کو افعالِ ارشادی کی اجازت دیتے ہیں یا کسی کو منصبِ ارشادی پر فائز کرتے ہیں یہ بھی جائز اور صحیح نہیں ہے۔ بلکہ صحیح نظامِ رشد و ہدایت یہ ہے کہ مؤمنین میں سے کوئی ایک شخص اپنی قابلیت کی بنیاد پر رہبر، قائد، مرشد یا مینٹر Mentor بنکر ابھرتا ہے۔ ثبوت کے طور پر مہدی موعودؑ کی نقل مبارک کو پیش کیا گیا ہے کہ ""ترکِ دنیا کر کے صبح میں دائرہ میں آنے والا اس کا مرشد ہے جو شام کو ترکِ دنیا کر کے دائرہ میں آئے""۔ اگر یہ بات درست ہے تو پھر کیا مرشدینِ کرام موجودہ مہدوی ارشادی نظام کو کالعدم قرار دیتے ہوئے نئے ارشادی نظام کو رائج کریں گے؟



## How one becomes a Murshid ?

As we have discussed earlier Its quite natural that among a group of common interest people a leader emerges and people start taking advise from him.

We also discussed that So as long such a person advise is in Conformity with Quran keep accepting his advises and grow and move forward in your path in your goals.

**There is a Common misunderstanding & wrong practice about IJAAZAT E IRSHAADI - (Permission to practice Murshidi)**
**People think it is given by a Person (Existing Murshid) to another Person (New Murshid)**

Generally people think that One Existing Murshid gives Permission for another aspiring student of this line through which one becomes a Murshid. And Most visible practice today is that the Biological Son of the Existing So called Murshid gets such a permission.

**Let's See what our Imam Mahdi Maoud Ahs Says about Basharat & Permission of being Good.**

Continued........

### Murshid – As per Moud Ahs


**111.** Further Imam MahdiAS has said, "The person, who has come into the *daira* in the morning after migrating, is the *murshid* (spiritual guide) of the person who comes in the evening, because the former is the *imam* (leader) of the latter." - Naqliyat B M Abdul Rasheed Rh----**(Anyone who has inspired the other for getting on to the right path is the Murshid)**

ترجمہ :- نیز حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص صبح میں ہجرت کر کے دائرہ میں آچکا ہو وہ اُس شخص
کا مرشد ہے جو شام میں آیا ہو۔ کیونکہ سابق مسبوق کا امام ہوتا ہے۔

**27.** Imām Mahdi[AS] has said: "Those who are ours, will die seeing and showing the Vision of Allah." - Hashia

﴿27﴾ **نیز** فرمایا جو ہمارے ہیں وہ خدا کو دیکھتے دکھلاتے مریں گے۔

7. اس ویڈیو میں کہا گیا ہے کہ تمام ارشادی سلسلے طاغوتی سلسلے ہیں! کیا تمام روحانی سلسلوں کو پھر ترک کر دینا چاہیئے؟ کیا ہمارا پورا دینی وارشادی نظام غلط اور طاغوتی ہے؟




آگے قرآن کی یہ آیت پیش کرتے ہیں "اور جب میرے بندے دریافت کریں آپؐ سے میرے بارے میں تو کہہ دیجیئے کہ میں قریب ہوں دعا کرنے والے کی دعا قبول کرتا ہوں" اور نقلِ اما منا کہ "اگر میری اتباع میں ہو اور یمن میں ہو تو سمجھو میرے سامنے ہو۔ اگر میری اتباع میں نہیں ہو اور میرے سامنے ہو تو سمجھو یمن میں ہو"۔ یہ قرآن کی آیت اور نقلِ مبارک پیش کرتے ہوئے یہ صاف طور پر کہا گیا کہ اللہ سے جڑنے کے لیئے مرشد کی ضرورت نہیں! کیا یہ درست ہے؟

**For any Abdullah, God is Near – he doesn't need to go through a series of People as SILSILA to reach GOD.**

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ ۖ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ ۖ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ﴿١٨٦﴾ 2:186

SAHIH INTERNATIONAL

And when My servants ask you, [O Muhammad], concerning Me - indeed I am near. I respond to the invocation of the supplicant when he calls upon Me. So let them respond to Me [by obedience] and believe in Me that they may be [rightly] guided.

**For any Abdullah, for whom God is Near – who is in the ittebaa of Messengers Moud Ahs is also with him. Such an Abdullah Doesn't need a series of People as SILSILA to Reach Moud.**


**Moud Ahs Said *"If you are following me and even if you are in Yemen, you are in front of me; but if you are not following me and you are in front of me, then you are deemed to be in Yemen."***

اگر میری اتباع میں ہواور یمن میں رہتے ہو سمجھو کہ میرے سامنے ہیں۔اگر میری اتباع میں نہ ہواور میرے سامنے رہتے ہوتو سمجھو کہ یمن میں ہیں۔

8. اس ویڈیو میں کہا گیا ہے کہ موعودؑ نے صرف کتاب اللہ کا مذہب اختیار کیا ہے! کیا یہ درست ہے؟ تو کیا نقلِ امامنا مہدی موعودؑ کہ ''مذہبِ ما کتاب اللہ واتباعِ رسول اللہ ﷺ'' غلط ہے؟ اور کیا اتباعِ رسول اللہ ﷺ شریعت سے خارج ہے؟ کیا اجماعِ صحابہؓ اور فقہائے کرام کے احکام بھی شریعت سے خارج سمجھے جائیں؟ اور ان سے متعلق تمام نقلیاتِ مہدی موعودؑ کو بھی رد کر دیا جائے؟

9. اس ویڈیو میں قرآن کی آیت ''محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں'' کو پیش کیا اور دوسری آیت ''ایمان والے تو آپس میں بھائی ہیں پس اپنے دو بھائیوں میں صلح کرادو اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم پر رحمت کی جائے''۔ اور ان دو آیتوں کو پیش کرتے ہوئے یہ نتیجہ نکالا کہ مرشد روحانی باپ نہیں ہوتا! بہ الفاظِ دیگر رسول اللہ ﷺ بھی باپ کا درجہ نہیں رکھتے بلکہ آپس میں بھائی جیسے ہیں! کیا رسول اللہ ﷺ کو صحابہؓ پر کوئی فضیلت نہیں؟ کیا اس بھونڈی تفسیر بالرائے سے مرشدینِ قومِ مہدویہ اتفاق کرتے ہیں؟ معاذ اللہ کیا یہ رسول اللہ ﷺ کی شانِ اقدس میں گستاخی نہیں؟ کیا یہی بزرگانِ قومِ مہدویہ کا عقیدہ ہے؟

بلکہ کیاان آیات سے یہ بات صاف ظاہر نہیں ہو رہی کہ صحابہؓ آپس میں بھائی اسی وقت ہو سکتے ہیں جبکہ رسول اللہ ﷺ کو اپنا روحانی باپ مانیں؟اور کیارسول اللہ ﷺ کے ازواجِ مطہرات امہات المؤمنین نہیں ہیں جب کہ خود قرآن بھی اس کی گواہی دیتاہے؟اگر ماں کے شوہر کو باپ نہیں تو پھر کیا کہا جائے گا؟آیت نے کیانسبی رشتہ کی نفی کی یا روحانی رشتہ کی؟اگر روحانی رشتہ کی نفی نہیں کی تو رسول اللہ ﷺ اور صحابہؓ نے جس نظام کو قرآن کے احکام کے مطابق رائج کیا وہ غلط کیسے ہو سکتا ہے؟کیا مرشد روحانی باپ نہیں تو پھر مرشد سے برابری کا رشتہ ہونا چاہیئے؟




---

اس ضمن میں مہدی موعودؑ کے عمل کو بھی پیش کیا گیا کہ مہدی موعودؑ نے دائرہ کے تمام مہاجران کو حتیٰ کہ اپنے فرزند حضرت بندگی میراں سید محمود ثانیٔ مہدیؓ کو بھی بھائی کے نام سے یاد کیا!اور یہ بات کہہ کر یہ نتیجہ اخذ کیا گیا کہ مرشد روحانی باپ نہیں بلکہ بھائی ہے۔تو کیا مہدی موعودؑ کو بھی صحابہؓ پر کوئی فضیلت نہیں؟اور کیا مہدی موعودؑ روحانی باپ کا درجہ نہیں رکھتے بلکہ وہ سب آپس میں بھائی ہیں؟کیا بزرگانِ قومِ مہدویہ یہی عقیدہ رکھتے تھے؟

ہم دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ کیا صحابہؓ میں سے کسی نے پلٹ کر مہدی موعودؑ کو بھائی کے نام سے یاد کیا یا کبھی پکارا؟ اگر رشتہ بھائی کا تھا تو صحابہؓ کو بھی چاہیئے تھا کہ بھائی کہہ کر پکارتے ! لیکن حقیقت یہ ہے کہ صحابہؓ سراپا ادب کا پیکر تھے۔۔۔ان کی زبانوں پر خوند کار، میرانجی کے الفاظ سجے رہتے تھے۔ فرمانِ مہدی موعودؑ ہے کہ بے ادب کبھی خدا کو نہ پائے گا۔

قرآنِ مجید، احادیثِ شریفہ اور نقلیاتِ مبارکہ کو بغیر مرشد کی صحبت اور سرپرستی کے پڑھنے اور سمجھنے کی کوشش کا نتیجہ آپ خود دیکھ لیں ! اللہ کی پناہ !

گروپ کے تمام ویڈیو حاصل کر لیئے گئے ہیں اور انشاءاللہ عنقریب ان ویڈیوز پر بزرگانِ قومِ مہدویہ کے عقائد کے مطابق تجزیہ کرتے ہوئے حقائق سے عوام کو آگاہ کیا جائے گا۔

قوم کے علماء اور مرشدینِ کرام سے ادباً التماس ہے کہ اس پرچہ میں اٹھائے گئے سوالات کا شرع شریف کی رو سے جواب مرحمت فرمایئں تاکہ عوام کی رہبری کا باعث ہو۔

فقط۔۔۔احقر العباد سید یوسف تجمل خوندمیری۔